بہترین ادارے کے لیے کامن ویلتھ آف لرننگ کے بین الاقوامی میرٹ ایوارڈ سے دو مرتبہ نوازا گیا۔
وزارت ترقی انسانی وسائل حکومت ہند نئی دہلی کی طرف سے 'کلین کیمپس رینکنگ '2019 موصول ہوا۔

ज्ञानगंगा घरोघरी

یشونت راؤ چوہان مہاراشٹر اوپن یونیورسٹی، ناسک

Yashwantrao Chavan Maharashtra Open University, Nashik

NAAC Accredited 'A' Grade

School of Humanities and Social Sciences

,

B.A. Urdu Programme (G12)

PROSPECTUS

Academic Session : January, 2025



B. A. Urdu Program (G12)

Academic Session - January, 2025

فہرست

1۔اوپن یونیورسٹی کا تعارف

1.1 اوپن یونیورسٹی کے مقاصد

2۔اسکول برائے انسانی وسماجی علوم کا تعارف

2.1 اسکول برائے انسانی وسماجی علوم کا تعارف

2.2 اسکول برائے انسانی وسماجی کی نمایاں خصوصیات

3۔بی۔اے اردو پروگرام

3.1 پروگرام کی ساخت

3.2 کورس کے مقاصد اور نتائج

4۔مطالعہ کے طریقے

4.1 کریڈٹس

5۔کورس کی ساخت

5.1 بی۔اے سال اول: داخلے کی اہلیت، کورس کی مدت، ذریعہ تعلیم، فیس، نصاب تعین قدر

5.2 بی۔اے سال دوم: داخلے کی اہلیت، کورس کی مدت، ذریعہ تعلیم، فیس، نصاب تعین قدر

5.3 براہ راست بی۔اے سال دوم، داخلے کی اہلیت، کورس کی مدت، ذریعہ تعلیم، فیس، نصاب تعین قدر

5.4 بی۔اے سال سوم: داخلے کی اہلیت، کورس کی مدت، ذریعہ تعلیم، فیس، تعین قدر

5.4.5.1 تیسرا سال بی۔ اے۔جنرل

5.4.5.2 تیسرا سال بی۔ اے۔اسپیشل

6۔رجسٹریشن کا طریقۂ کار

7۔اسکالرشپ اسکیم کے لیے یونیورسٹی کے کورسز

8۔ABC-ID/APAAR-ID and DEB-ID بنانے کی ہدایات

9۔خصوصی ہدایات

10۔سائبر سکیورٹی کورس (لازمی آڈٹ کورس)

11-ریجنل سینٹر

12-ضمیمہ

ضمیمہ 1: امیدوار/ طالب علم کا معاہدہ (اردو/انگریزی)

ضمیمہ 2: غریب طلبا کی امدادی اسکیم کے ضوابط

ضمیمہ 3: یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کی قرارداد (2004)

ضمیمہ 4: جی آر مساوات اور منظوری، حکومت مہاراشٹر

ضمیمہ 5: جی آر 10ویں اور 12ویں کے لیے مساوات

ضمیمہ 6: ایک سے زیادہ کورسز میں داخلہ

ضمیمہ 7: یونیورسٹی گرانٹس کمیشن (یو جی سی) کا شناختی خط

ضمیمہ 8: طلبہ کی فلاح و بہبود کی اسکیم

ضمیمہ 9: سائبر سکیورٹی کورس (لازمی آڈٹ کورس)

ضمیمہ 10: سائبر سکیورٹی کورس (لازمی آڈٹ کورس) کے لیے یو جی سی کا خط

ضمیمہ 11: کورس کا شیڈول

یونیورسٹی کا ترانہ

विद्यापीठ गीत

एक प्रतिज्ञा असे आमुची ज्ञानाची साधना ।
चिरंतन ज्ञानाची साधना ।
ज्ञान हेच संजीवन साऱ्या जगताच्या जीवना ।। धृ ।।

ज्योत जागवू सुजाणतेची सकलांच्या अंतरी ।
तीच निवारील पटल तमाचे प्रभात सूर्यापरी ।
ज्ञानच देउळ, ज्ञानच दैवत, प्रगतीच्या पूजना ।। १ ।।

नव्या युगाचा नव्या जगाचा ज्ञान धर्म आहे ।
त्यातच अमुच्या उजळ उद्याचे आश्वासन राहे ।
मुक्त करिल तो परंपरेच्या बंदिघरातुन मना ।। २ ।।

हाच मंत्र नेईल आम्हाला दिव्य भविष्याकडे ।
न्यायनीतीचे पाऊल जेथे भेदाशी ना अडे ।
जे जे मंगल पावन त्याची जेथे आराधना ।। ३ ।।

कुसुमाग्रज

Production:
Prof. Nagarjuna Wadekar
School of Humanities and Social Sciences,
Yashwantrao Chavan Maharashtra Open University, Nashik - 422 222

©2024, Yashwantrao Chavan Maharashtra Open University, Nashik – 422 222
First Edition : December, 2024
Publisher: Registrar, Yashwantrao Chavan Maharashtra Open University, Nashik – 422222

1۔اوپن یونیورسٹی کا تعارف

'اوپن یونیورسٹی' کا تصور عالمی سطح پر قبول کیا جاتا ہے۔ملک اور بیرون ملک کے دیہی علاقوں میں عوام کی ایک بڑی تعداد عدم سہولیات کی وجہ سے علم حاصل کرنے سے محروم رہتی ہے۔ ملازمت اور پیشے سے منسلک رہنے والے ناخواندہ افراد کو اعلیٰ تعلیم کے مواقع فراہم کرنے کے لیے اوپن یونیورسٹیاں کام کررہی ہیں۔1969 میں انگلینڈ میں دنیا کی پہلی اوپن یونیورسٹی قائم ہوئی۔اس کے بعد چین، جاپان، کینیڈا، تھائی لینڈ، سری لنکا، پاکستان، بنگلہ دیش جیسے کئی ممالک میں اوپن یونیورسٹیاں قائم ہوئیں جن کا مقصد سماج اور معاشرے کے خواہشمند افراد کو مختلف تعلیمی وسائل سے آراستہ کرنا ہے۔ ہندوستان میں پہلی اوپن یونیورسٹی 1982 میں حیدرآباد (آندھراپردیش) میں قائم کی گئی تھی۔سال 1985 میں، مرکزی حکومت نے دہلی میں 'اندرا گاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی' قائم کی۔اس کے بعد راجستھان، بہار، مہاراشٹر، مدھیہ پردیش، گجرات، کرناٹک، مغربی بنگال، اتر پردیش، تمل ناڈو، چھتیس گڑھ، آسام، اتراکھنڈ، اڈیشہ، پنجاب، کیرالا میں کئی اوپن یونیورسٹیاں کام کررہی ہیں۔

ریاست مہاراشٹر میں تعلیمی اصلاحات کی ایک طویل اور بھرپور روایت رہی ہے۔مہاتما جیوتی با پھلے، ڈاکٹر پنجاب راؤ دیشمکھ، ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر، بھاؤ راؤ پاٹل، سوامی رامانند تیرتھ اور دیگر عظیم مفکرین اور مصلحین نے ریاست میں تعلیمی فلسفہ اور تحریک میں اہم کردار ادا کیا ہے۔انھیں اس بات کا شدید احساس بھی تھا کہ ریاست مہاراشٹر میں ایک اوپن یونیورسٹی قائم کی جائے۔لہٰذا یکم جولائی 1989 کو مہاراشٹر کے ریاستی مقنّنہ کے 1989 کے ایکٹ XX کے تحت ایک اوپن یونیورسٹی کا قیام عمل میں آیا جس کا نام مہاراشٹر کے عظیم سیاسی رہنما اور جدید مہاراشٹر کے معمار یشونت راؤ چوہان کے نام پر رکھا گیا۔**''یشونت راؤ چوہان مہاراشٹر اوپن یونیورسٹی''** ہندوستان کی پانچویں اوپن یونیورسٹی اور مہاراشٹر کی پہلی اوپن یونیورسٹی ہے۔یونیورسٹی کا صدر دفتر ناسک میں ہے اور یونیورسٹی کا دائرہ اختیار پوری ریاست مہاراشٹر ہے۔پورے مہاراشٹر میں 2400 سے زائد اسٹڈی سنیٹر (LSC) اور 8 ریجنل سینٹر قائم ہیں۔

یشونت راؤ چوہان مہاراشٹر اوپن یونیورسٹی کو یونیورسٹی گرانٹس کمیشن (یو جی سی) ایکٹ کے آرٹیکل 12(b) کے تحت تسلیم کیا گیا ہے۔اس کے مطابق، مہاراشٹر ریاستی مقنّنہ اور یونیورسٹی گرانٹس کمیشن نے یونیورسٹی کو سرٹیفکٹ، ڈپلومہ، ڈگری، پوسٹ گریجویٹ اور تحقیق کی اجازت دی ہے۔یہ یونیورسٹی کئی معروف قومی اور بین الاقوامی تعلیمی اداروں کی رکن ہے۔یونیورسٹی کو دو بار کامن ویلتھ آف لرننگ کے بین الاقوامی اعزاز سے نوازا جاچکا ہے۔ حال ہی میں اسے NAAC کی جانب سے "A" گریڈ کا درجہ دیا گیا ہے۔

یشونت راؤ چوہان مہاراشٹر اوپن یونیورسٹی ملک کی تمام تسلیم شدہ یونیورسٹیوں کے برابر ہے۔اس یونیورسٹی کی ڈگریاں تمام سرکاری، نیم سرکاری اور نجی اداروں وغیرہ میں ملازمتوں کے لیے دیگر یونیورسٹیوں کی ڈگریوں کے مساوی ہیں جنھیں مہاراشٹر حکومت نے تسلیم کیا ہے، مستقبل کی ترقی کے ساتھ ساتھ مزید تعلیم کے لیے مہاراشٹر اسٹیٹ پبلک سروس کمیشن نے پہلے ہی اعلان کیا ہے کہ یشونت راؤ چوہان مہاراشٹر اوپن یونیورسٹی کے طالب علم مہاراشٹر اسٹیٹ پبلک سروس کمیشن کے مقابلہ جاتی امتحانات کے لیے اہل ہیں۔اب تک یونیورسٹی کے بہت سے طلبا سینٹرل اور اسٹیٹ پبلک سروس کمیشن کے مختلف مقابلہ جاتی امتحانات میں کامیاب ہوچکے ہیں۔

اوپن یونیورسٹیوں کا مشن قومی اور ریاستی ترقیاتی منصوبوں کے ساتھ ساتھ ہم آہنگی اور ترقیاتی ضروریات کے مطابق جامع تعلیمی پروگرام فراہم کرنا ہے۔نیز بدلتی ہوئی ٹیکنالوجی اور اس کے مطابق بدلتے ہوئے طرز زندگی کے نقطۂ نظر سے ایک ایسا نصاب تیار کرنے پر مرکوز ہے جو معاشرے کی تبدیلی کے لیے علمی خاکہ فراہم کرتا ہے۔لہٰذا اوپن یونیورسٹیاں زندگی کے ہر شعبۂ جات میں مہارتوں پر مبنی تصورات کو نافذ کرکے ایک ہنرمند معاشرے کی تشکیل کے لیے کوشاں ہیں۔یشونت راؤ چوہان مہاراشٹر اوپن یونیورسٹی کا نصب العین 'گیان گنگا گھر وگھری' یعنی 'علم کی شمع گھر گھر ہے' اور یہ 'عوامی' یونیورسٹی' بننے کے راستے پر گامزن ہے۔یونیورسٹی کا مقصد معاشرے کے تمام لوگوں کی ضروریات کے مطابق تعلیم فراہم کرنا ہے۔جسے وہ ہیڈ کوارٹر، ڈویژنل مراکز، ضلعی مراکز، مطالعاتی مراکز کے ذریعے دیہی، شہری اور قبائلی علاقوں میں عام لوگوں تک پہنچنے کی کوششیں کی جارہی ہیں۔اس یونیورسٹی کی پالیسی مادری زبان کے ذریعے تعلیم فراہم کرنا ہے اور یہ یونیورسٹی یشونت راؤ چوہان کے تعلیمی فلسفے کے مطابق کام کررہی ہے کہ مقامی زبان کو علم کی زبان کا درجہ حاصل کرنا چاہیے۔

1.1 اوپن یونیورسٹی کے مقاصد

1۔تعلیم کو معاشرے کے ہر،شہری، دیہی اور پسماندہ مزدوروں، گھریلو خواتین اور دیگر بالغان کو ان کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈگری کی تعلیم، پیشہ ورانہ تکنیکی اور دیگر تعلیمی تربیت کے مواقع فراہم کرنا،یعنی معاشرے کی مختلف سطحوں کے درمیان علمی تفاوت کو دور کے ایک ذریعہ کے طور پر کام کرنا۔

2۔ایک لچکدار اور فعال فاصلاتی تعلیم کا نظام تیار کرنا جہاں پڑھنے اور سیکھنے کے خواہشمند افراد کو عمر، اہلیت اور اہلیت کے معیار کی پابندیوں کو دور کر کے منصفانہ طریقے سے تعلیم دینا۔

3۔روایتی یونیورسٹیوں میں تعلیم مکمل نہ کرنے والے افراد کی طرف سے مکمل کیے گئے تعلیمی حصے کی قدر کرتے ہوئے اوپن یونیورسٹی کے دستیاب تعلیمی پروگرام (کریڈٹ ٹرانسفر سسٹم) میں مزید تعلیم کے لیے راہیں ہموار کرنا۔

4۔رسمی اور غیر رسمی تعلیم کے ساتھ ساتھ مختلف فنون لطیفہ کی نشوونما کے لیے معیاری تعلیم فراہم کرنا،افراد کو بدلتی ہوئی ٹیکنالوجی کے مطابق ڈھالنے کے لیے نئی ٹیکنالوجیز میں تربیت دینا،آرٹ کی روایت،ثقافتی ورثے کو محفوظ کرنا۔ ہندوستان اور خاص طور پر مہاراشٹر کی سماجی بیداری کے ساتھ ساتھ قومی یکجہتی اور انفرادیت کی اجتماعی ترقی کے حصول کے لیے ایک مختلف نصاب تیار کرنا۔

5۔حکومتی گرانٹس پر انحصار کرنے کی بجائے انتظامی اخراجات کے حوالے سے خود انحصاری پر زور دینا۔کمپیوٹرائزڈ اور الیکٹرانک آلات کے موثر استعمال کے ذریعے کفایت شعاری اور معیار پر مبنی آپریٹنگ سسٹم تیار کر کے نجی اور سرکاری اداروں کی مالی شراکت کی حوصلہ افزائی کرنا۔

02۔اسکول برائے انسانی وسماجی علوم کا تعارف

اسکول برائے انسانی وسماجی علوم میں انسانی اقدار کے ساتھ ساتھ انسان کے تخلیق کردہ فنون لطیفہ، ادب، تجارت، خاندان، ریاستی اداروں کی ساخت، فلسفہ اور تاریخ کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔اکیسویں صدی کے عالمی چیلنجز کا سامنا کرنا، ناخواندہ طبقہ کو خواندگی کی طرف مائل کرنا،تعلیم یافتہ سماج کی تشکیل اور تعلیمی وسائل کو ترقی دینا ہی اس اسکول کا نصب العین ہے، بلکہ یہ کہنا زیادہ مناسب ہوگا کہ انفرادی ترقی پر زور دینا،فرد کی مجموعی ترقی کے لیے مددگار ہونا اور فرد کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا اس اسکول کے کورسز کی نمایاں خصوصیات ہیں۔

2.1 اسکول برائے انسانی وسماجی علوم کے مقاصد

1۔طلبا پر مبنی نصاب تیار کرنا۔

2۔فاصلاتی نظام تعلیم کے مطابق مطالعہ اور تدریس کے لچکدار طریقے اپنانا۔

3۔معاشرے کے ان نظر انداز طبقات تک تعلیم پہنچانا جو ابھی تک تعلیم تک نہیں پہنچ سکے۔

4۔طلبا کو انسانی اور سماجی علوم میں تعلیم حاصل کرنے کی ترغیب دینا۔

5۔سماج کی تشکیل میں جدید طریقۂ کار کو فروغ دینا۔

6۔فاصلاتی تعلیم کے ذریعے عام آدمی تک رسائی اور عوامی یونیورسٹی بنانے میں مدد کرنا۔

2.2 اسکول برائے انسانی وسماجی علوم کی نمایاں خصوصیات

1۔دنیا بھر کی مختلف ثقافتیں،قومی ریاستوں کی تشکیل، روایات کی تاریخ کے علاوہ سرٹیفکٹ، ڈپلومہ، ڈگری، ماسٹر ڈگری اور پی ایچ ڈی کورسز شامل ہیں۔

2۔آزادی، مساوات، بھائی چارے، انسانی حقوق وغیرہ کی اقدار کے ساتھ ساتھ عالمی فلاحی تنظیموں کے کام جیسے ماحولیاتی تحریکیں، انسانی ترقی کا اشاریہ، پائیدار ترقی کے اہداف وغیرہ۔

3۔خواتین کو بااختیار بنانا، پسماندہ افراد کی شناخت کی جدوجہد، زبانوں، مذاہب، خطوں کے تنوع میں اتحاد کے لیے بنائے گئے ماڈل خیالات کو شامل کرنا۔

4۔کورسز میں عالمگیریت اور مقامی ترقی کے انضمام جیسے مواد کے مختلف تصورات کو شامل کرنا۔

5۔لائبریری اور انفارمیشن سائنس، جرنلزم اور ماس کمیونیکیشن، گاندھیائی فلسفہ، انسانی حقوق، صارفین کے تحفظ جیسے خصوصی مضامین پر علاحدہ کورسز۔

6۔نظریہ اور عمل کو یکجا کرنے والے اپلائیڈ کورسز۔

7۔غیر روایتی کورسز جو فرد کی تخلیقی صلاحیتوں اور تخیل کو وسعت دیتے ہیں۔

8۔ایسے کورسز جو شخصیت کی نشوونما اور پیشہ ورانہ کامیابی کے لیے تکمیلی مہارتوں کی گنجائش فراہم کرتے ہیں۔

9۔خود آموزی کے لیے جدید مہارتیں پیدا کرنا۔

10۔بنیادی کورسز میں مختلف تصورات کی وضاحت پر زور دینا۔

11۔خود آموزی کے لیے نصابی کتب، تفویضات، فیلڈ ورک، پروجیکٹ اسٹڈی، ویب اور اکیڈمک سپورٹ کے ذریعے طلبا کی رہنمائی کرنا۔

12۔طلبا کو ان کی دلچسپی کے مطابق مضامین کے انتخاب میں آزادی دینا۔

3۔بی۔اے اردو پروگرام

یہ پروگرام مختلف روزگار کے مواقع کے لیے درکار مہارتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے کورس شامل مضامین کو اس اعتبار سے ترتیب دیا گیا ہے کہ یہ طلبا کی آیندہ زندگی میں فلسفہ اور اطلاق دونوں لحاظ سے کارآمد ثابت ہو۔اس پروگرام کی خصوصیت طلبا کی جامع شخصیت کی نشوونما کے لیے علمی مہارت اور عملی استعمال میں مہارت کے درمیان باہمی ربط پیدا کرنا ہے۔

3.1 پروگرام کی ساخت

بی۔اے۔ڈگری پروگرام کے کورسز کو درج ذیل تین حصوں میں ترتیب دیا گیا ہے۔درج ذیل تین سالہ ڈگری پروگرام 108 کریڈٹ اور 18 کورسز پر مشتمل ہے۔تمام کورسز کی تکمیل لازمی ہوگی۔

سال	کورسز	کریڈٹس
بی۔اے سال اول	6 کورسز	36
بی۔اے سال دوم	6 کورسز	36
بی۔اے سال سوم: جنرل/اسپیشل	6 کورسز	36
	جملہ کورسز 18	کل کریڈٹس 108

☆ **پہلا سال: فاؤنڈیشن کورس**

پہلے سال میں چھ فاؤنڈیشن کورسز شامل کیے گئے ہیں تاکہ مختلف چھ شعبوں جیسے ادب، آرٹ، سماجیات، سائنس ٹیکنالوجی اور مطالعہ کی مہارتوں کو ہماری روزمرہ کی زندگی سے منسلک کیا جاسکے۔

☆ **بی۔اے سال دوم**

بی۔اے سال دوم میں آرٹ، ادب، سماجی علوم جیسے مختلف شعبوں کے کورسز شامل کیے گئے ہیں۔ڈگری کورس میں دوسرے سال کے لیے تین مضامین کا انتخاب کرنا ہے۔منتخب کردہ ہر مضامین کے دو کورسز شامل ہوں گے۔ایک کورس 6 کریڈٹ پر مشتمل ہوگا یعنی 6 کورس کے لیے طلبا کو ۳۶ کریڈٹ کا سالانہ امتحان دینا ہوگا۔منتخب کردہ مضامین اور میڈیم کسی بھی صورت میں تبدیل نہیں کیے جائیں گے۔

☆ **بی۔اے سال سوم (جنرل اور اسپیشل)**

بی۔اے سال سوم (جنرل) کے لیے دو مضامین کے تین تین کورس منتخب کرکے بی۔اے (جنرل) میں داخلہ لے سکتے ہیں۔ایک کورس نسانی علوم (اردو، ہندی اور انگریزی) سے منتخب کرنا لازمی ہے۔بی۔اے سال سوم (جنرل) کے لیے انسانی وسماجی علوم سے صرف انھیں مضامین کا انتخاب کریں جو سال

دوم میں منتخب کیے گئے تھے۔ بی۔اے اسپیشل کے لیے سال دوم کے منتخب کردہ تین مضامین میں سے کسی ایک مضمون کے چھ کورسز کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

3.2 کورس کے مقاصد اور نتائج

بی۔اے اردو میڈیم ڈگری (مضمون اردو)

نصاب کے مقاصد

1۔زندگی کے مختلف شعبوں میں اردو زبان کے اطلاق کی وضاحت کرنا۔

2۔زمانے کے مطابق اردو ادب میں ادب کی مختلف اقسام کا مطالعہ کرنا۔

3۔ادب کی مختلف اقسام کی تخلیق اور ترغیب کو سمجھنا۔

4۔اردو ادب میں مختلف ادبی رجحانات کا مطالعہ کرنا۔

5۔اردو زبان کے گرامر اور تحریری اصولوں کا مطالعہ کرنا۔

6۔اردو میں نثری ادب کے تصور کا مطالعہ کرنا۔

7۔سماجی بیداری میں مختلف تحریکوں کی نوعیت کا مطالعہ کرنا۔

نصاب کے نتائج

1۔طلبا زندگی کے مختلف شعبوں میں اردو زبان کے اطلاق کی وضاحت کر سکیں گے۔

2۔زمانے کے لحاظ سے اردو ادب میں ادب کی مختلف اقسام کے مطالعے میں آسانی پیدا ہوگی۔

3۔طلبا مختلف قسم کے ادب کی تخلیق اور تحریک کی وضاحت کر سکیں گے۔

4۔اردو ادب میں مختلف ادبی رجحانات کا مطالعہ بہ آسانی کیا جا سکتا ہے۔

5۔طلبا اردو زبان کے گرامر اور تحریری قواعد کو سمجھ سکیں گے۔

6۔اردو میں نثری ادب کے تصور کا مطالعہ کیا جا سکتا ہے۔

7۔سماجی بیداری میں مختلف تحریکوں کی نوعیت کو سمجھ سکیں گے۔

بی۔اے اردو میڈیم (مضمون ہندی)

نصاب کے مقاصد

1۔ ہندی ادب کی مختلف جہتوں سے واقفیت۔

2۔زبان کے مختلف حصوں سے واقفیت حاصل کریں۔

3۔طلبا میں حب الوطنی اور سماجی شعور کا جذبہ پیدا کرنا۔

4۔ترجمہ کی نوعیت، اہمیت اور افادیت سے آگاہ کرنا۔

5۔بامقصد ہندی کے ذریعے ملازمت کے مختلف مہارتوں کو فروغ دینا۔

6۔طلبا میں شعری دلچسپی پیدا کرنا۔

7۔طلبا میں روزگار کے لیے رجحان پیدا کرنا۔

نصاب کے نتائج

1۔طلبا ہندی ادب کی مختلف جہتوں سے واقف ہوں گے۔

2۔ ہندی زبان کے مختلف حصوں سے واقف ہو سکیں گے۔

3۔طلبا میں حب الوطنی اور سماجی بیداری کا جذبہ پیدا ہوگا۔

4۔ترجمہ کی نوعیت،اہمیت اورافادیت سے واقف ہوسکیں گے۔
5۔بامقصد ہندی کے ذریعے روزگار کے قابل ہنر کوسیکھ سکیں گے۔
6۔طلبا میں شعری ادب دلچسپی پیدا ہوگی۔
7۔طلبا روزگار کی صلاحیتوں کوخودفروغ دے سکیں گے۔

بی۔اے اردو میڈیم (مضمون انگریزی)

نصاب کے مقاصد

Programme Objectives:

1. To introduce elements of a short story, and enable the learners to understand, analyse and interprete fictional and non-fictional works of literarture.
2. To aquaint the learners with the development of English literature and European thought.
3. To introduce the tradition of Indian writing in English, themes, techniques and cultural traditions.
4. To enable the learners to understand association between scientific thinking and prose writing.
5. To enable the learners to appreciate and critically analyse poetry and drama from various periods.
6. To develop effective communication skills, thus foster effective interpersonal interactions skills including various aspects of verbal, non-verbal, written and digital communication.
7. To understand the grammar of English, the sound system of modern English, and thus enable the learners to identify and classify various aspects of the structure of modern English.

نصاب کے نتائج

Programme Outcomes:

1.The learners would be equipped with the skills necessary to read, analyse, and appreciate fictional and non-fictional works of arts.
2.The learners would have a comprehensive understanding of novel reading that encompasses critical analysis, contextual awareness, and personal engagement.
3.The learners would have an understanding of Indian writing in English that would foster appreciation and analysis of diverse cultural traditions reflected in literature.
4.The learners would explore drama as a literary form and performance art, from diverse perspectives and cultures reflected in various dramatic traditions.
5.The learners would be aquainted with the evolution of Romantic, Victorian and Modern poetry that would foster critical thinking and analytical skills in literary studies.
6.The learners would be equipped with comprehensive skills in English communication across various contexts, preparing them for academic and professional success.
7.The learners would have an understanding of the structural aspects of Modern English which would develop analytical and communicative skills relevant to the study of English language.

بی۔اے اردو میڈیم (مضمون تاریخ)

نصاب کے مقاصد

1۔ ہندوستان کی سیاسی، سماجی، ثقافتی، اقتصادی تاریخ کے بارے میں معلومات فراہم کرنا۔

2۔تنوع میں ہندوستان کے اتحاد کو محسوس کرنا۔

3۔ ہندوستان میں خواتین کی زندگی کے تاریخی دھارے کی وضاحت کرنا

4۔جدید دنیا کی تاریخ کو ہندوستان کی تاریخ کے آئینے میں سمجھانا

5۔مہاراشٹر کی تبدیلی کی تاریخ کی وضاحت کرنا

6۔تاریخی تفہیم کے ذریعے حال کو سمجھنے کے لیے ایک وژن تیار کرنا۔

نصاب کے نتائج

1۔طلبا ہندوستان کی سیاسی، سماجی، ثقافتی اور اقتصادی تاریخ کو سمجھ سکیں گے۔

2. تنوع میں ہندوستان کے اتحاد سے واقف ہوسکیں گے۔

3۔ ہندوستان میں خواتین کی زندگی کے تاریخی دھارے کی مختلف نوعیت کو جان سکیں گے

4. ہندوستان کی تاریخ کی روشنی میں جدید دنیا کی تاریخ کو سمجھ سکیں گے۔

5۔مہاراشٹر کی تبدیلی کی تاریخ کو بیان کرسکیں گے۔

6۔تاریخی تفہیم حال کو سمجھنے کا وژن تیار کرتی ہے۔اس پر روشنی ڈال سکیں گے۔

بی۔اے اردو میڈیم (مضمون نفسیات)

نصاب کے مقاصد

1۔درد اور احساس کے تصور کی وضاحت، فریب اور فریب کے اسباب کی وضاحت۔

2۔بچوں کی دیکھ بھال اور بچوں کی نشو ونما کے بارے میں معلومات فراہم کرنا۔

3۔مواصلات، انسانی تبادلے اور تعامل کی نوعیت اور مسائل کی وضاحت کرنا

4۔اخلاقی ترقی اور سماجی محرک کے تصورات کی وضاحت کرنے کے قابل ہونا۔

5۔ذہنی صحت کے تصور کی تفصیل سے وضاحت کرنا۔

6۔شخصیت کی نوعیت، ترقی کے عمل، اور خود تصور کی وضاحت۔

7۔ازدواجی مصالحت کے دائرہ کار اور تکنیک کو سمجھنا اور ازدواجی مسائل کی رہنمائی اور علاج کے بارے میں آگاہ کرنا۔

8۔تحقیق اور نفسیاتی تجربات میں شماریات کی اہمیت کے بارے میں معلومات دینا۔

نصاب کے نتائج

1۔درد اور احساس کے تصورات کو واضح کرنے کے ساتھ فریب کے تصوارت کو سمجھ سکیں گے۔

2۔بچوں کی دیکھ بھال اور بچوں کی نشو ونما کے بارے میں معلومات اور مختلف پہلوؤں کی وضاحت کرسکیں گے۔

3۔مواصلات، انسانی تبادلے اور مصالحت کی نوعیت اور مسائل کی وضاحت کرنے کے قابل ہوسکیں گے۔

4۔خود تصور، اخلاقی ترقی اور سماجی ترغیب کے تصورات کی وضاحت کرنے کے قابل ہوں۔

5۔ذہنی صحت کا تصور سے واقف ہوسکیں گے۔

6۔شخصیت کی خصوصیات،ترقی کے عمل،اورخودتصور کا تجزیہ کرنے کے قابل ہوجائیں گے۔
7۔ازدواجی مصالحت کے دائرہ کاراورتکنیک کوسمجھ کرازدواجی مسائل کی رہنمائی اورعلاج کوواضح طور پرسمجھ سکیں گے۔
8۔تحقیق اورنفسیاتی تجربات میں شماریات کی اہمیت کا تجزیہ کرنے کے قابل ہوں گے۔

بی۔اے اردومیڈیم (مضمون معاشیات)

نصاب کے مقاصد

1۔طلبا کو مالیاتی تھیوری اوراس کے اصولوں سے متعارف کرانا۔
2۔ طلبا کے مالیاتی تجزیہ اورسوچنے کی صلاحیتوں کوفروغ دینا۔
3۔طلبا کو مالیاتی تحقیق کے لیے مقداری آلات سے آراستہ کرنا۔
4۔طلبا کومعاشیات، فائنانس، بینکنگ اورمتعلقہ شعبوں میں کیریئر کے لیے تیار کرنا۔
5۔عالمی اقتصادی مسائل اور پالیسیوں کے بارے میں طلبا کی صالاحیتوں کوفروغ دینا۔

نصاب کے نتائج

1۔معاشی نظریہ اوراصولوں کوحقیقی دنیا کے حالات پرلاگوکرنے کے قابل ہوں گے۔
2۔مؤثر طریقے سے مالیاتی اعداد وشمار کا تجزیہ اورپیش کرنے کے قابل ہوسکیں گے۔
3۔عددی تجزیہ کے طریقوں کا استعمال کرتے ہوئے آزاد مالیاتی تحقیق کرنے کے قابل ہوگا۔
4۔معاشیات، فائنانس، بینکنگ اورمتعلقہ شعبوں میں کامیابی کے ساتھ اپنا کیریئر بنا سکتے ہیں۔
5۔عالمی اقتصادی مسائل اور پالیسی فیصلوں کوسمجھنے اور جانچنے کے قابل ہوسکیں گے۔

بی۔اے اردومیڈیم (مضمون سیاسیات)

نصاب کے مقاصد

1۔سیاسیات میں مختلف سیاسی تصورات اورسیاسی نظاموں کا مطالعہ کرنا۔
2۔ہندوستانی حکومتی نظام اورطریقہ کار کے بارے میں جاننا۔
3۔ہندوستانی آئین میں فلسفہ اور بنیادی حقوق کا جائزہ لینا۔
4۔سیاسی مفکرین کی شراکت اوران کی خدمات کا تنقیدی جائزہ لینا۔
5۔حکومت کی مختلف پالیسیوں اوربین الاقوامی سیاست کے عمل کی نشاندہی کرنا۔
6۔مقامی عوامی انتظامیہ، سیاسی جماعت کا نظام، انتخابی عمل اورمقنّنہ، مقامی مسائل اورمسائل وغیرہ کا جائزہ لینا۔
7۔سیاسیات میں مختلف سیاسی، سماجی اوراقتصادی مسائل اورچیلنجز کے حل تجویز کرنا۔

نصاب کے نتائج

1۔اس سے سیاسیات میں مختلف سیاسی تصورات اورسیاسی نظام کوسمجھنے میں مدد ملتی ہے۔
2۔ہندوستانی نظام حکومت اورکام کرنے کے طریقے متعارف ہوسکیں گے۔
3۔ہندوستانی آئین کے فلسفہ اور بنیادی حقوق کے بارے میں معلومات حاصل کرسکیں گے۔
4۔سیاسی مفکرین کی شراکت اورکام کا تنقیدی جائزہ لیا جاسکتا ہے۔
5۔بین الاقوامی سیاست کی مختلف حکومتی پالیسیوں اورعمل کا تجزیہ کرسکیں گے۔
6۔مقامی عوامی انتظامیہ، سیاسی جماعت کے نظام، انتخابی عمل اورمقنّنہ، مقامی مسائل اورمسائل کوحل کرنے کی صلاحیت سے واقف ہوسکیں گے۔
7۔سیاسی سائنس میں مختلف چیلنجوں اور پیدا ہونے والے سیاسی، سماجی اوراقتصادی مسائل کے حل کے لیے ایک وژن تشکیل دے سکیں گے۔

بی۔اے اردو میڈیم (مضمون سماجیات)

نصاب کے مقاصد

1۔عمرانیات کے بنیادی تصورات اور نظریات کی وضاحت کرنا۔

2۔سماجی ڈھانچے، سماجی تنظیم اور عمل کا مطالعہ کرنا۔

3۔ ہندوستانی سماج کے مختلف اجزا کا جائزہ لینا۔

4۔سماجی مفکرین کی شراکت کا تجزیہ کرنا۔

5۔روایتی معاشرے اور جدید معاشرے کا تقابلی مطالعہ کرنا۔

6۔دیہی، قبائلی اور شہری علاقوں کا تقابلی مطالعہ کرنا۔

7۔آبادی، ماحولیات، سماجی انحراف وغیرہ کے درمیان باہمی تعلقات کی نشاندہی کرنا۔

نصاب کے نتائج

1۔سماجیات میں، تھیوری کی وضاحت کرسکیں گے۔

2۔سماجی ڈھانچے، سماجی اداروں اور عمل کے مطالعہ کے ذریعے رائے کا اظہار سے واقف ہوسکیں گے۔

3۔ ہندوستانی معاشرے کے مختلف اجزا کا جائزہ لے سکیں گے۔

4۔سماجی مفکرین کی شراکت کا تجزیہ کرسکیں گے۔

5۔روایتی اور جدید معاشروں کے درمیان مماثلت اور فرق کا تقابلی مطالعہ کرسکیں گے۔

6۔خاص طور پر دیہی، قبائلی اور شہری علاقوں کی نشاندہی کرنے کے قابل ہو جائیں گے۔

7۔آبادی، ماحولیات، سماجی انحراف وغیرہ کے درمیان باہمی تعلق کو جان سکیں گے۔

4.0 مطالعے کے طریقۂ کار

تعلیم کا خواہش مند ہر امیدوار اپنے مستقبل کے حصول کے لیے کالج یا یونیورسٹی جا کر تعلیم حاصل کرنے کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ فاصلاتی نظام تعلیم ہی وہ واحد ذریعہ ہے جو امیدوار کو اپنے روزمرہ اور پیشہ ورانہ کام کے ساتھ اپنی تعلیمی لیاقت میں اضافہ کرنے کے مواقع فراہم کراتا ہے۔ علاوہ ازیں سماج کے پسماندہ طبقات اور تعلیم سے محروم افراد کو گھر بیٹھے تعلیم حاصل کرنے کی سہولیات کے لیے یونیورسٹی نے بی۔اے اردو کے نصاب کو روایتی طرز پر جوڑنے کی کامیاب کوشش کی ہے۔

اس طریقۂ تعلیم میں نہ صرف طلبا کو نصابی تعلیم دی جاتی ہے بلکہ داخلہ فیس میں ہی نصابی کتب کا سیٹ بھی دیا جاتا ہے۔ یہ خود آموزی کی کتابیں دیگر نصابی کتابوں سے مختلف ہیں۔ ان کتابوں میں مضمون کو چھوٹے چھوٹے حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ مختلف تصاویر اور گراف کے ذریعے مضامین کو آسانی سے سمجھانے کی کوشش کی گئی ہے تاکہ طلبا کو سمجھنے اور ذہن نشیں کرنے میں دشواری نہ ہو۔ کتاب کے ہر صفحہ کے دونوں جانب حاشیہ چھوڑا گیا ہے تاکہ طلبا دوران مطالعہ اہم نکات یا نوٹس تحریر کرسکیں۔ سبق کے اختتام پر سوالات دیے گئے ہیں تاکہ سبق کا مطالعہ کرتے وقت ان سوالات کے جوابات تلاش کرنے کے بعد طلبا خود اپنی معلومات کی جانچ کرسکیں۔

طالب علم اپنی سہولت کے مطابق اسٹڈی سینٹر کا انتخاب کرسکتا ہے۔ اسٹڈی سینٹر پر طلبا کی مشاورتی کلاسز عام طور پر چھٹی کے دنوں میں منعقد کی جاتی ہیں۔ ہر مضمون کے ماہر اساتذہ کے ذریعہ طلبا کی رہنمائی کی جاتی ہے۔ کاؤنسلنگ کلاسز میں صرف لیکچرز نہیں ہوتے بلکہ طلبا اپنے تعلیمی مسائل اور

مشکل مضامین پر تبادلۂ خیال بھی کر سکتے ہیں۔داخلی قدر پیمائی کے ذریعے طلبا کی تعلیمی ترقی کی جانچ بھی ہوتی ہے۔اس لیے اسٹڈی سینٹر کی مشاورتی کلاسز میں حاضری ضروری ہوتی ہے۔

طلباء مندرجہ بالا مطالعاتی مواقع کا زیادہ سے زیادہ استعمال کرتے ہوئے اپنے مطالعہ کا منصوبہ خود تیار کریں گے۔مطالعہ کے لیے جو وقت آپ کے پاس ہے اس پر غور کریں اور اس وقت کا زیادہ سے زیادہ استعمال کریں۔صرف لیکچرز کے ذریعے مطالعہ کرنا حقیقی مطالعہ نہیں ہے بلکہ موضوع کی واضح سمجھ اور اس کا صحیح استعمال کرنے کے قابل ہونا اچھے مطالعے کا حصہ ہے۔اس لیے طلبہ سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ مظاہرہ اور مشق پر زور دے کر مطالعہ کریں۔

4.1 کریڈٹس

اوپن اور فاصلاتی تعلیمی نظام میں،مطالعہ کے اوقات کو 'کریڈٹس' کے لحاظ سے ناپا جاتا ہے۔عام طور پر طلبا کو ایک کریڈٹ کے لیے 30 سے 35 گھنٹے کی ضرورت ہوتی ہے۔ایک کریڈٹ کے مطالعہ میں کتابیں پڑھنا،نوٹ لینا، بحث، عکاسی، سوال و جواب لکھنا،مشاورتی کلاسز میں رہنمائی، آڈیو۔ویڈیو سننا/دیکھنا وغیرہ شامل ہیں۔

بی۔اے پروگرام میں ہر سال 6 کورس شامل کیے گئے ہیں۔ایک کورس 6 کریڈٹ کے لیے مختص ہے،جس کے لیے 180 سے 200 گھنٹے کا مطالعہ درکار ہے۔اس طرح طلبا کو تین سالہ ڈگری کے لیے 18 کورس اور 108 کریڈٹ کی پڑھائی مکمل کرنی ہوگی۔لہٰذا بی۔اے مکمل کرنے کے لیے تین سال کی مدت میں کم از کم 3240 گھنٹوں کا مطالعہ ضروری ہے۔

5.0 کورس کی ساخت

5.1 بی۔اے سال اول

5.1.1 داخلے کے لیے اہلیت

مندرجہ ذیل سے کوئی ایک اہلیت رکھنے والے امیدوار ہی بی۔اے سال اول میں داخلے کے اہل ہوں گے۔

1۔یشونت راؤ چوہان مہاراشٹر اوپن یونیورسٹی کے اہلیتی امتحان/پری پریٹری کورس میں (کم از کم ۴۰ فیصدی نمبرات) حاصل کرنے والے امیدوار۔

2۔ریاست مہاراشٹر یا دوسری ریاست سے بارہویں جماعت یا اس کے مساوی امتحان (حکومت مہاراشٹر سے منظور شدہ) میں کامیاب امیدوار۔

3۔1975 سے قبل کے میٹرک (گیارہویں) کامیاب امیدوار۔

4۔دسویں جماعت کے بعد کم از کم ۲ سال کا حکومت سے منظور شدہ ڈپلومہ/سرٹی فیکٹ کورس میں کامیاب امیدوار مثلاً ATD, MCVC, DME, DCE, DEE, D.Pharm, Dairy Technic,ITI, TD, NCTVT, BAMS۔وغیرہ۔

5۔ڈی ٹی ایڈ ڈپلومہ پاس D.T.Ed۔

5.1.2 کورس کی مدت

ڈگریوں کی تفصیلات کے UGC نوٹیفکیشن،2014 اور UGC (Programmes OLPrograms & ODL) ریگولیشن،2020 کے مطابق **اگر چہ بی۔اے ڈگری (B.A.) کورس تین سال کا ہے لیکن اسے چھ سال تک مکمل کرنے کی اجازت ہے۔یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کے اس قواعد کے مطابق رجسٹریشن کی مدت ختم ہونے کے بعد دوبارہ رجسٹریشن ممکن نہیں ہے۔ایسے طلبا کو متعلقہ کورس میں دوبارہ داخلہ لینا ہوگا۔**

فاصلاتی نظام تعلیم میں مطالعہ کی مدت کے حوالے سے لچکدار پالیسی رکھی گئی ہے کیونکہ طلبا اپنے روزمرہ اور پیشہ وارانہ زندگی میں مصروفیات کے باوجود تعلیم حاصل کرتے ہیں لہٰذا اگر کسی وجوہات کی بنا پر پڑھائی مکمل نہیں ہوئی ہے تو سال کے آخر کا امتحان ایک ہی وقت میں دینا لازمی نہیں ہے۔چونکہ امتحان کا موقع سال میں دو بار دستیاب ہوتا ہے،اس لیے طالب علم اپنے مناسب وقت پر امتحان دے سکتا ہے۔اگر آپ پہلے اور دوسرے سال کے تمام کورسز میں ناکام ہو جاتے ہیں تو آپ کو تیسرے سال میں داخلہ دیا جائے گا۔لیکن یونیورسٹی کے قوانین کے مطابق آپ امتحانی درخواست فارم بھر کر امتحان دے سکتے ہیں۔

5.1.3 ذریعہ تعلیم

انگریزی اور ہندی مضمون کے علاوہ تمام مضامین اردو زبان میں دستیاب ہیں۔انگریزی اور ہندی کے علاوہ تمام نصابی کتابیں ، پراسپکٹس،تفویضات(اسائنمنٹ)،کلاس ٹیسٹ اور فائنل امتحان کے سوالیہ پرچے اردو زبان میں ہوں گے۔

5.1.4 کورس کی فیس:بی۔اے سال اول

نمبر شمار	فیس کی تفصیلات	روپے
01	پراسپکٹس فیس(Prospectus Fees)	50.00
02	تعلیمی فیس (Tution Fees)	1,100.00
03	کریڈٹ ٹرانسفر فیس(Credit Transfer Fees)	0.00
04	اہلیتی فیس(Eligibility Fees)	100.00
05	رجسٹریشن فیس(Registration Fees)	200.00
06	شناختی کارڈ فیس(Identity Card Fees)	10.00
07	ای۔سودھا فیس(E-Suvidha Fee)	60.00
08	لائبریری (Library Fees)	10.00
09	ڈی۔ایس۔ڈبلیو فیس (DSW Fee)	50.00
10	چانسلر آفس پروگرام فیس(Chancellor's office Event Fees)	38.00
11	کھیل کود فیس(Sports Fee)	50.00
12	سنواد میگزین (Sanwad Magazine Fees)	10.00
13	اسٹوڈنٹ انشورنس فیس(Student Insurane Fees)	20.00
14	نیشنل سروس اسکیم فیس(National Service Scheme Fees)	10.00
15	ڈیزاسٹر مینجمنٹ فیس(Disaster Management Fee)	10.00
16	اسٹڈی سینٹر فیس(LSC Fees)	500.00
17	امتحانی فیس(Exam Fees)	1,080.00
18	کنووکیشن فیس(Convocation Fees)	0.00
19	سابق طلبا اسوسی ایشن فیس(Alumni Association Fee)	0.00
Total (Three Thousand Two Hundred Nighty Eight Rupees Only)		**3,298.00**

☆کورس فیس کے لیے ہدایات

درخواست دہندہ کے لیے لازمی ہے کہ وہ اس کورس کی داخلہ فیس ادا کرے جس میں وہ داخلہ لے رہا ہے جیسا کہ پراسپکٹس میں بتایا گیا ہے۔ اس فیس میں اسٹوڈنٹ اسٹڈی سینٹر (LSC) کی فیس شامل ہے۔اس لیے اسٹوڈنٹ اسٹڈی سینٹر (LSC) میں کوئی علیحدہ/اضافی فیس ادا کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔فیس ادائیگی کی ہدایات کے مطابق درخواست فارم کے بعد دیے گئے لنک سے آن لائن ادائیگی کے لیے گیٹ وے کا استعمال کرتے ہوئے کریڈٹ/ڈیبٹ کارڈ/یو پی آئی/نیٹ بینکنگ کے ذریعے فیس کی ادائیگی کی جانی ہے۔دیے گئے لنک کے علاوہ کسی دوسری لنک پر ادا کی گئی فیس پر غور نہیں کیا جائے گا۔اس لیے اس کی تمام تر ذمہ داری درخواست گزار کی رہے گی۔آپ کو آن لائن داخلہ کے طریقہ کار پر عمل کرتے ہوئے اپنے داخلے کی

تصدیق کرنی ہوگی اور دیے گئے موبائل نمبر پر اپنے داخلے کا انتظار کرنا ہوگا اور ساتھ ہی مستقل رجسٹریشن نمبر کا پیغام جو آپ کے داخلے کے بعد آئے گا۔ یہ جاننے کے لیے کہ آیا آپ کے داخلے کی تصدیق ہوئی ہے یا نہیں، آپ کو اپنے منتخب کردہ اسٹڈی سینٹر (LSC) کے رابطے میں رہنا چاہیے۔

☆ امتحانی فیس کے لیے ہدایات

پہلے سال میں داخلہ لینے والے طلباء کو امتحانی درخواست فارم بھرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ یونیورسٹی کے توسط سے امتحان سے قبل ہال ٹکٹ اور امتحان سے متعلق ہدایات یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر دستیاب کرائی جائے گی۔ تاہم دوبارہ امتحان دینے والوں کو یونیورسٹی کے قوانین کے مطابق امتحانی درخواست فارم اور امتحانی فیس ادا کرنی ہوگی۔ ڈگری کے لیے گریڈ دوسرے اور تیسرے سال کے نمبروں پر دیا جائے گا۔

5.1.5 بی۔اے سال اول کا نصاب

بی۔اے سال اول کا نصاب 6 کورس اور 36 کریڈٹ پر مشتمل ہے۔ ایک کورس 6 کریڈٹ کا ہے اور سارے کورس لازمی ہیں۔

نمبر شمار	کورس کوڈ	کورس کا نام	مشاورتی کلاسز
01	OPN 103	خود آموزی کی مہارتیں (بنیادی نصاب)	06
02	URD 103	اردو زبان کا بنیادی نصاب	09
03	HEN 101	ہندی اور انگریزی زبانوں کا بنیادی نصاب	09
04	GKN 103	عام معلومات اور سماجی معلومات کا بنیادی نصاب	09
05	SOC 103	سماجی علوم کا بنیادی نصاب	10
06	HUM 103	انسانی تعلیمات کا بنیادی نصاب	11

(نوٹ: HEN101 میں ہندی کے لیے 4 اور انگریزی کے لیے 5 مشاورتی کلاسز ہوں گی۔)

5.1.6 بی۔اے سال اول کے کورسز اور کتابوں کی تفصیلات

OPN103 خود آموزی کی مہارتیں (بنیادی نصاب)

کتاب اول — پڑھنے اور لکھنے کی مہارتیں

کتاب دوم — سننے اور بولنے کی مہارتیں

کتاب سوم — مشاہدہ، لائبریری کا استعمال اور خود سے مطالعہ

URD103 اردو زبان کا بنیادی نصاب

کتاب اول — روزمرہ کی زبان

کتاب دوم — روزمرہ کی زبان (مشقی بیاض)

کتاب سوم — ادبی زبان

کتاب چہارم — ادبی زبان (مشقی بیاض)

HEN101 ہندی اور انگریزی زبانوں کا بنیادی نصاب

کتاب اول — ہندی زبان کا تعارف اور اس کی ساخت

کتاب دوم	ہندی زبان کا تعارف اور اس کی ساخت (مشقی بیاض)
کتاب سوم	انگریزی کا بنیادی نصاب
کتاب چہارم	انگریزی کا بنیادی نصاب (مشقی بیاض)
GKN103	**عام معلومات اور سماجی معلومات کا بنیادی نصاب**
کتاب اول	سائنس ٹکنالوجی، ماحولیات اور صحت
کتاب دوم	ترقی: تصورات اور راستے
کتاب سوم	اطلاعاتی انقلاب اور بایوٹکنالوجی
SOC103	**سماجی علوم کا بنیادی نصاب**
کتاب اول	تاریخ اور سیاسیات
کتاب دوم	علم سماجیات ونفسیات
کتاب سوم	معاشیات وجغرافیہ
HUM103	**انسانی تعلیمات کا بنیادی نصاب**
کتاب اول	انسانی علوم وفنون لطیفہ کا تعارف
کتاب دوم	تجرباتی اور آلاتی فنون
کتاب سوم	انسانی تعلیمات کا بنیادی نصاب (مشقی بیاض)

5.1.7 تعین قدر کا طریقۂ کار

طلباء کی جانچ دو سطحوں پر کی جائے گی حتمی تعین قدر یعنی فائنل امتحان (تحریری امتحان– University Assessment - UA) اور داخلی تعین قدر (تفویضات Continuous Assessment–CA)۔ ہر کورس کے لیے مارکنگ فارمیٹ بالترتیب 20:80 کے تناسب میں ہوگا۔

داخلی تعین قدر

تفویضات صرف ایک بار اسی تعلیمی سال میں قبول کیا جائے گا جس میں طلباء کا داخلہ ہوتا ہے۔

داخلی تعین قدر کے لیے ہر کورس کے لیے 20 نمبر تفویضات پر مشتمل ہوگا۔ اس میں 5 نمبروں کے 4 سوالات ہوں گے۔ انٹرنل اسسمنٹ پاس کرنے کے لیے کوئی کم از کم نمبر نہیں ہوں گے۔

داخلی تعین قدر میں حاصل کردہ نمبر اور فائنل امتحان میں حاصل کردہ نمبر الگ الگ مارک شیٹ میں دکھائے جائیں گے اور حتمی نتائج کا اعلان داخلی تعین قدر اور آخری امتحان میں حاصل کردہ نمبروں کی بنیاد پر کیا جائے گا۔

طلباء کو یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.ycmou.ac.in یا http://ycmou.digitaluniversity.ac سے داخلی تعین قدر کے لیے تفویضات کے سوالات ڈاؤن لوڈ کرنے چاہئیں۔

یونیورسٹی نے پہلے سال کے طلباء کو تفویضات کے سوالات کے جوابات لکھنے کے لیے پورٹل پر بارکوڈ والے صفحات فراہم کیے ہیں۔ ان صفحات کا پرنٹ آؤٹ لیں اور تفویضات کے سوالات کے جوابات خود اپنے ہاتھ سے لکھ کر اسکین کریں اور پورٹل پر .pdf فائل اپ لوڈ کریں۔ ذیل میں دی گئی ہدایات کے مطابق تفویضات اپلوڈ کریں۔

اگر تفویضات جمع کرانے کے سلسلے میں یونیورسٹی کی طرف سے کوئی تبدیلی کی جاتی ہے، تو تفصیلی ہدایات ویب سائٹ کے ساتھ ساتھ آپ کے اسٹڈی سینٹر/سٹوڈنٹ سپورٹ سینٹر پر دی جائیں گی۔

داخلی تعین قدر کے لیے تفویضات آن لائن اپ لوڈ کرنے کی ہدایات

(Online Submission of Home Assignment)

☆ **طلبا کے لیے ہدایات:**

طلبا کے لیے لازمی ہے کہ وہ اپنے ہاتھ سے لکھے ہوئے تفویضات کو داخلی تعین قدر کے لیے یونیورسٹی کے پورٹل پر اپ لوڈ کریں اور نیچے دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔

1۔تفویضات کے لیے آپ کو https://asm.ycmou.org.in/ یا پورٹل پر دستیاب اسٹوڈنٹ یوزر گائیڈ کو احتیاط سے پڑھنا چاہیے۔اپنے 16 ہندسوں کے مستقل رجسٹریشن نمبر (PRN) کا استعمال کرتے ہوئے رجسٹر کریں۔

2۔پورٹل پر کامیابی کے ساتھ رجسٹر (لاگ ان) کرنے کے بعد آپ کو متعلقہ کورسز کی مکمل معلومات نظر آئیں گی۔ یہ صفحہ تفویضات لکھنے کے لیے بارکوڈ کے ساتھ خالی صفحات فراہم کرتا ہے۔ضرورت کے مطابق ان صفحات کا پرنٹ آؤٹ لیں اور ان پر تفویضات کے سوالات اور جوابات ہاتھ سے لکھ کر دستخط کریں۔

3۔نمبروں کے تفویضات کے سوالات کے جوابات کم از کم 100 سے 120 الفاظ میں تحریر کریں جب کہ 5 نمبروں کے تفویضات کے سوالات کے جوابات کم از کم 50 سے 60 الفاظ میں لکھے جائیں۔تمام جوابات پوائنٹ وائز ہونے چاہئیں۔تفویضات کے سوالات کو ترتیب وار حل کیا جائے۔ ہر سوال کا جواب نئے صفحے سے شروع کریں۔اگر سوال کا جواب ایک صفحے پر نہیں آتا تو آخر میں .P.T.O لکھیں،اور اگلے صفحے پر سوال نمبر لکھیں اور اس سے پہلے بقیہ جواب لکھیں۔(جیسے Q-1 جاری ہے...)

4۔ہر کورس کے تفویضات لکھنے کے بعد،اس کی pdf فائل کے صفحات ترتیب وار اسکین کریں۔آپ کی pdf فائل کو واضح طور پر اسکین کیا جانا چاہیے جو پڑھنے کے قابل ہو۔محتاط رہیں کہ اسکیننگ کے دوران کسی بھی صفحے کو اوورلیپ،ترچھا تہہ نہ کریں۔ ہر صفحہ کا سائز کم از کم 3MB اور تمام صفحات کو ملا کر فائل کی سائز 20MB سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

5۔تفویضات اپ لوڈ کرنے کے لیے اس پورٹل https://asm.ycmou.org.in/ پر جائیں۔اپ لوڈ کیے گئے تفویضات کی ابتدائی تصدیق اسٹڈی سینٹر (LSC) کے ذریعے کی جائے گی۔ابتدائی اسکریننگ کے بعد،منظور شدہ تفویضات کو اسٹڈی سینٹر (LSC) کے کاونسلر کے ذریعے جانچا جائے گا۔

6۔تفویضات موضوع کے مطابق اپ لوڈ نہیں کیے گئے،اسکین کیے گئے صفحات ٹیڑھے،ترچھے یا دھندلے ہیں،خالی صفحات اسکین کیے گئے ہیں۔واضح رہے کہ ایسے تفویضات کو مسترد کر دیا جائے گا۔طلبا اپنے پروفائل میں تفویضات مسترد ہونے کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

7۔پورٹل رجسٹریشن،تفویضات اپ لوڈ کرنے سے لے کر تفویضات کی جانچ،قبول اور مسترد وغیرہ کی تمام معلومات آپ کے پروفائل کے ساتھ ساتھ ای میل پر بھی دستیاب ہوں گی۔طلبا وقتاً فوقتاً اپنی پروفائل اور ای میل چیک کرتے رہیں اور اسٹڈی سینٹر (LSC) کے مسلسل رابطے میں رہیں۔

8۔رجسٹریشن کے تمام عمل کو ایک مخصوص وقت کے اندر مکمل کرنا ہوگا۔ یونیورسٹی کی طرف سے مقررہ وقت کے بعد تفویضات اپ لوڈ نہیں کیا جا سکتا۔طلبا کے لیے لازمی ہے کہ وہ اپنے تفویضات مقررہ وقت کے قبل اپ لوڈ کریں۔

9۔کسی بھی وجہ سے مسترد شدہ تفویضات طالب علم کے لاگ ان میں دوبارہ جمع کرانے کے لیے ایک مقررہ وقت دیا جائے گا۔مقررہ مدت ختم ہونے کے بعد تفویضات اپ لوڈ نہیں کیے جا سکتے۔اگر طلبا اس سلسلے میں غفلت برتتے ہیں تو ان کی مارک شیٹ کے انٹرنل مارکس (CA) سیکشن میں غیر حاضر (Ab) کے طور پر درج کیا جائے گا۔

10۔تمام طلبا کے لیے لازمی ہے وہ تفویضات لکھنے کے لیے اپنے لاگ ان میں دستیاب صفحات کا استعمال کریں۔چونکہ آپ کے لاگ ان صفحات میں آپ کا بارکوڈ ہوتا ہے،اس لیے کسی اور کے لاگ ان صفحات یا دیگر صفحات استعمال کرنے کے نتیجے میں آپ کے تفویضات مسترد کر دیے جائیں گے۔

☆ **اسٹڈی سینٹر (LSC) کے لیے ہدایات**

1۔طلبا کے اسٹڈی سینٹر (LSC) کو پورٹل https://asm.ycmou.org.in/ پر جا کر رجسٹر ہونا چاہیے۔اس کے بعد سب سے پہلے لاگ ان میں اسٹڈی سینٹر (LSC) کے کاونسلر کی معلومات درج کریں۔اسٹوڈنٹ ہیلپ سنٹر لاگ ان یہ معلومات فراہم کرے گا کہ کتنے طلبا نے تفویضات جمع کرایا ہے۔اس کے مطابق ،طلبا کے تفویضات اپ لوڈ کرنے کی پیروی کی جائے اور تمام طلبا کے ذریعہ تفویضات کو مقررہ مدت کے اندر اپ لوڈ کیا جائے۔اس سلسلے میں طلبہ کو مناسب رہنمائی اور تعاون فراہم کیا جائے۔

2۔اسٹڈی سنٹر (LSC) کو لاگ ان میں موصول ہونے والے تفویضات کی ابتدائی جانچ متعلقہ مضامین کے کاونسلر کے ذریعہ فوری طور پر غیر جانبدارانہ جانچ کی جانی چاہئے۔صحیح طریقے سے اپ لوڈ نہ کیے گئے تفویضات کو مسترد کرتے ہوئے ،متعلقہ طلبا کے ذریعے اسے جلد از جلد مکمل اور اپلوڈ کرنے کی ہدایت دی جانی چاہئے۔

☆ اسٹڈی سینٹر (LSC) یا طلبا کو کسی بھی طرح کا تکنیکی مسئلہ درپیش ہوتا ہے یا مزید معلومات کے لیے موبائل 8055253072 پر رابطہ کر سکتے ہیں اور oasishelpdesk22@gmail.com پر ای میل کر سکتے ہیں۔

5.2 بی۔اے سال دوم

بی۔اے سال دوم کے لیے آٹھ مضامین یعنی اردو، ہندی، انگریزی، تاریخ، نفسیات، معاشیات، سیاسیات، سماجیات دستیاب ہیں۔ دوسرے سال کے لیے دستیاب آٹھ مضامین کو دو گروپوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔کل تین مضامین کا انتخاب کرنا ہے، ایک پہلے گروپ سے اور دو دوسرے گروپ سے۔ایک بار منتخب کردہ کورسز کو تبدیل نہیں کیا جا سکتا۔داخلے کی تصدیق کے بعد کورس کی تبدیلی کی درخواستوں کو کسی صورت قبول نہیں کیا جائے گا۔

آپ کو اپنی پسند کے ہر مضمون کے دو کورسز پڑھنا ہوں گے، ایسے تین مضامین کے کل چھ کورسز ہیں۔ ہر کورس چھ کریڈٹ کا ہوگا۔ چھ کورسز کے کل 36 کریڈٹ کا سالانہ امتحان منعقد کیا جائے گا۔اسٹڈی سینٹر پر ہر کورس کے لیے ۹ مشاورتی کلاسز کا اہتمام کیا جاتا ہے۔

5.2.1 بی۔اے سال دوم میں داخلے کے لیے اہلیت

☆ بی۔اے سال دوم میں ڈاخلے درج ذیل اہلیت ہونا لازمی ہے۔

Eligibility criterion for enrolling into the Second Year of B.A. Degree Program.

☆ یشونت راؤ چوہان مہاراشٹر اوپن یونیورسٹی کے سال اول میں داخلہ لینے والے تمام طلبا۔

All such students who had enrolled to the First Year of B.A. Degree of Yashwantrao Chavan Maharashtra Open University.

5.2.2 کورس کی مدت

فاصلاتی نظام تعلیم میں طلبا اپنے روزمرہ اور پیشہ ورانہ زندگی میں مصروفیات کے باوجود تعلیم حاصل کرتے ہیں اس لیے تین سالہ ڈگری کورس کی میعاد کو لچکدار بنایا گیا ہے لہٰذا طلبا اپنی سہولیات کے مطابق بی۔اے تین سالہ ڈگری کورس کو چھ سال میں مکمل کر سکتے ہیں۔بی۔اے سال دوم میں ناکام یا امتحان نہ دینے کی صورت میں طلبا شعبۂ امتحانات کے قوانین کے مطابق سال سوم میں داخلے کے اہل ہوں گے۔اس کے لیے سال سوم کی فیس اور امتحان فارم جمع کرنا ہوگا۔ براہ راست سال دوم میں داخلہ لینے والے طلبا اگر کسی سبب امتحان میں شریک نہ ہو سکے تو وہ فیس جمع کر کے سال سوم میں داخلے کے اہل ہوں گے۔**راست طور پر بی۔اے سال دوم میں داخلہ لینے والے طلبا کے لیے کورس کی مدت پانچ سال ہوگی۔**

5.2.3 ذریعہ تعلیم

انگریزی اور ہندی مضمون کے علاوہ تمام مضامین اردو زبان میں دستیاب ہیں۔انگریزی اور ہندی کے علاوہ تمام نصابی کتابیں ، پراسپکٹس،تفویضات(اسائنمنٹ)،کلاس ٹیسٹ اور فائنل امتحان کے سوالیہ پرچے اردو زبان میں ہوں گے۔

5.2.4 بی۔اے سال دوم میں باقاعدہ داخلہ کی فیس

نمبر شمار	فیس کی تفصیلات	روپے
01	پراسپکٹس فیس(Prospectus Fees)	50.00
02	تعلیمی فیس (Tution Fees)	1,600.00
03	کریڈٹ ٹرانسفر فیس(Credit Transfer Fees)	0.00
04	اہلیتی فیس(Eligibility Fees)	0.00
05	رجسٹریشن فیس(Registration Fees)	200.00
06	شناختی کارڈ فیس(Identity Card Fees)	0.00
07	ای۔سودھا فیس(E-Suvidha Fee)	60.00
08	لائبریری (Library Fees)	10.00
09	ڈی۔ایس۔ڈبلیو فیس (DSW Fee)	50.00
10	چانسلر آفس پروگرام فیس(Chancellor's office Event Fees)	38.00
11	کھیل کود فیس(Sports Fee)	50.00
12	سنواد میگزین (Sanwad Magazine Fees)	10.00
13	اسٹوڈنٹ انشورنس فیس(Student Insurane Fees)	20.00
14	نیشنل سروس اسکیم فیس(National Service Scheme Fees)	10.00
15	ڈیزاسٹر مینجمنٹ فیس(Disaster Management Fee)	10.00
16	اسٹڈی سینٹر فیس(LSC Fees)	600.00
17	امتحانی فیس(Exam Fees)	1,260.00
18	کنووکیشن فیس(Convocation Fees)	0.00
19	سابق طلبا اسوسی ایشن فیس(Alumni Association Fee)	0.00
3,968.00	**Total (Three Thousand Nine Hundred sixty Eight Rupees Only)**	

☆ کورس فیس کے لیے ہدایات

درخواست دہندہ کے لیے لازمی ہے کہ وہ اس کورس کی داخلہ فیس ادا کرے جس میں وہ داخلہ لے رہا ہے جیسا کہ پراسپکٹس میں بتایا گیا ہے۔ اس فیس میں اسٹڈی سینٹر (LSC) کی فیس شامل ہے۔اس لیے اسٹڈی سنٹر(LSC) میں کوئی علیحدہ/اضافی فیس ادا کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔فیس

ادائیگی کی ہدایات کے مطابق درخواست فارم کے بعد دیے گئے لنک سے آن لائن ادائیگی کے لیے گیٹ وے کا استعمال کرتے ہوئے کریڈٹ/ڈیبٹ کارڈ/یو پی آئی/نیٹ بینکنگ کے ذریعے فیس کی ادائیگی کی جانی ہے۔دیے گئے لنک کے علاوہ کسی دوسری لنک پر ادا کی گئی فیس پر غور نہیں کیا جائے گا۔اس لیے اس کی تمام تر ذمہ داری درخواست گزار کی رہے گی۔

طالب علم کو آن لائن داخلے پر عمل کرتے ہوئے اپنے داخلے کی تصدیق کرنی ہوگی اور دیے گئے موبائل نمبر کے ساتھ ساتھ مستقل رجسٹریشن نمبر کے پیغام پر اپنے داخلے کا انتظار کرنا ہوگا جو آپ کے داخلے کے بعد آئے گا۔یہ جاننے کے لیے کہ آپ کے داخلے کی تصدیق ہوئی ہے یا نہیں،آپ کو اپنے منتخب کردہ اسٹڈی سینٹر (LSC) کے رابطے میں رہیں۔

5.2.5 بی۔اے سال دوم کا نصاب

بی۔اے سال دوم کا نصاب 6 کورسز اور 36 کریڈٹ پر مشتمل ہوگا۔سارے کورسز لازمی ہوں گے۔

☆گروپ 1: کورس برائے انسانی علوم

1-اردو 2-ہندی 3-انگریزی (کسی ایک مضمون کا انتخاب کریں)

☆گروپ 2- کورس برائے سماجی علوم

حصہ الف: 1-تاریخ 2-نفسیات (کسی ایک مضمون کا انتخاب کریں)

حصہ ب: 1-معاشیات 2-سیاسیات 3-سماجیات (کسی ایک مضمون کا انتخاب کریں)

(نوٹ:ماحولیاتی مطالعہ (EVS202) لازمی ہے جس کے مارکس فائنل کریڈٹ میں شامل نہیں ہوں گے تاہم "C" گریڈ حاصل کرنا لازمی ہے)

5.2.6 مضمون اور کورس کی تفصیلات

گروپ 1: کورس برائے انسانی علوم

نمبر شمار	مضمون	کورس کوڈ	کورسز اور کتابوں کے نام
01	**اردو**	**URD220**	**اصناف ادب (افسانہ اور ناول)**
			کتاب اول: افسانہ، ہیئت اور ساخت
			کتاب دوم: ناول، ہیئت اور ساخت
	اردو	**URD221**	**آزادی کے بعد کا ادب**
			کتاب اول: اصناف ادب: جدیدیت اور مابعد جدیدیت
			کتاب دوم: اردو کا دیہی، دلت اور نسائی ادب
			کتاب سوم: آزادی کے بعد اردو شاعری
02	**ہندی**	**HIN212**	**Hindi Kathanpark Sahitya**
			Book 01: Kathan-Mimasa aur Kahani
			Book 02: Upanneyas Vimarsh
			Book 03: Natak Sawroop aur Vislashan

	Hindi Kathetar Sahitya	**HIN213**	ہندی	
	Book 01: Jeevniparak Sahitya			
	Book 02: Varnanparak Sahitya			
	Book 03 : Nibandh			
	How to Read a short sto	**ENG214**	انگریزی	03
	Book 01: How to Read a short story			
	Book 02: How to Read a short story			
	Book 03: How to Read a short story			
	How to Read a Novel	**ENG215**	انگریزی	
	Book 01: How to Read a Novel			

☆گروپ2:(الف)کورس برائے سماجی علوم

نمبر شمار	مضمون	کورس کوڈ	کورسز اور کتابوں کے نام
01	تاریخ	**HIS240**	**جدید بھارت کی تاریخ**
			کتاب اول: برطانوی حکومت اور ہندوستان
			کتاب دوم: قومی تحریک :۱۸۸۵۔۱۹۴۷
			کتاب سوم: برطانوی نظام حکومت کی تاریخ اور دستوری نشوونما ۱۸۵۷۔۱۹۵۰
	تاریخ	**HIS241**	**جدید دنیا کی تاریخ**
			کتاب اول: انقلاب کا دور: امریکی، فرانس اور روسی سیاسی انقلاب
